روزنامہ

بے زبانوں کی زبان

# صدائے حسینی

حیدرآباد

# Sada-E Hussaini Daily

Price Rs. 1 /- (Rs. 5 with DN English Daily) قیمت : 1 | E-mail : sadaehussaini@gmail.com | Wednesday 21-08-2024 | چہارشنبہ | 1446ھ | 15/صفرالمظفر | 2024 21/اگست | صفحات (8) | شمارہ (231) | جلد (16)










## کیجریوال کو عدالت سے لگا جھٹکا

نئی دہلی،20اگست (اے یوایس) دہلی کی ایک عدالت نے وزیر اعلی اروند کیجریوال کی عدالتی تحویل میں 27 اگست تک توسیع کر دی ہے جو کہ مبینہ ایکسائز گھوٹالے کے سلسلے میں سی بی آئی کے ذریعے درج بدعنوانی کے معاملے میں ہے۔اسپیشل جج کاویری باویجا نے کیجریوال کی حراست میں توسیع کردی جب کہ انہیں عدالت میں پیش کیا گیا عدالتی حراست کے بعد عام آدمی پارٹی کوعدالت 27 اگست کو کیس جاری کرے گی۔سنٹرل بیورو آف انوسٹی گیشن کی طرف سے دائرضمنی چارج شیٹ پرغورکریں۔





زائرین اربعین واک کا آغاز حرم امیرالمومنین )ع ( میں آخری زیارت کے ساتھ کرتے ہیں، نجف اشرف سے آہستہ آہستہ زائرین کربلا کی جانب روانہ ہو رہے ہیں۔

## غزہ پر اسرائیلی حملے مزید35 فلسطینی شہید

غزہ، 20 اگست (اے یوایس)غزہ پر اسرائیلی حملے جاری ہیں، 24 گھنٹوں میں مزید35 فلسطینی شہید ہوگئے۔اسرائیل نے رفح، البریج کیمپ میں رہائشی گھروں پر بمباری کی جس میں 10 فلسطینی شہید ہوئے۔دوسری جانب حماس کے ترجمان اسامہ حمدان نے خبر ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکا غزہ میں مزید اسرائیلی نسل کشی کے لیے وقت دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی برادری اسرائیلی وزیرِ اعظم پر 31 مئی کو پیش کی گئی امریکی تجاویز قبول کرنے کا دباؤ ڈالے۔



آج بھی جمکران پر سرخ پرچم۔اسرائیل سے بدلہ لیا جائے گا کی علامت۔

## جموں وکشمیر اسمبلی انتخاب: پہلے مرحلہ کیلئے نوٹیفکیشن جاری

نئی دہلی۔20/اگست (ایجنسی) الیکشن کمیشن نے منگل کے روز جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخاب کے پہلے مرحلہ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔اس مرحلہ میں 24 نشستوں پر 18 ستمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی امیدواروں کی نامزدگی کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ پہلے مرحلہ کے لیے نامزدگی پرچہ داخل کرنے کی آخری تاریخ 27اگست ہے،جبکہ پرچہ کی جانچ 28اگست کوہوگی۔امیدواری واپس لینے کی آخری تاریخ 30اگست مقرر کی گئی ہے۔قابل ذکر ہے کہ جموں وکشمیر کی 90 اسمبلی سیٹوں کے لیے تین مراحل میں انتخاب ہوں گے۔ پہلے مرحلہ میں 18 ستمبر کو، جبکہ 25 ستمبر کو دوسرے اور یکم اکتوبر کو تیسرے مرحلہ کی ووٹنگ ہوگی۔ 4اکتوبر کو نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔مرکز کے زیر انتظام خطہ جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخاب کا اعلان ہونے کے بعد وہاں سیاسی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں اور کچھ پارٹیوں نے تو اپنے امیدواروں کا اعلان بھی کر دیا ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے ذریعہ انتخابی منشور جاری کیے جانے کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا ہے۔بہرحال، پہلے مرحلہ کے تحت کشمیر کی 16اسمبلی سیٹوں اور جموں کی 8اسمبلی سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ جن اسمبلی سیٹوں پر 18 ستمبر کو ووٹنگ ہے ان کے نام ہیں پمپور، ترال، پلواما، راجپورا، جیناپورا، شوپیاں، ڈی ایچ پورا، کلگام، دیوسر، ڈورو، کوکرناگ )ایس ٹی (، اننت ناگ ویسٹ، اننت ناگ، شری گفوارہ-بجبیہرا، شنگس-اننت ناگ ایسٹ، پہلگام، اندروال، کشتواڑ، پاڈر-ناگسینی، بھدرواہ، ڈوڈہ، ڈوڈہ ویسٹ، رامبن اور بانیہال۔

سپریم کورٹ نے ٹاسک فورس بنانے کا کیا اعلان

## عدالت نے ڈاکٹروں کی حفاظت پر اٹھائے سوال



نئی دہلی، 20اگست (اے یوایس) چیف جسٹس آف انڈیا ڈی وائی چندرچوڑ نے کہا کہ طبی پیشہ ور افراد کو کئی طرح کے تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔وہ چوبیس گھنٹے کام کرتے ہیں۔کام کے حالات نے انہیں تشدد کا شکار بنا دیا ہے۔سپریم کورٹ نے جونیئر ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کیس اور اسپتال میں توڑ پھوڑ کے معاملے کا ازخود نوٹس لیا۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کی سربراہی والی بنچ میں جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس منوج مشرا شامل تھے۔بنچ نے اس معاملے میں متاثرہ کی شناخت ظاہر ہونے پر تشویش کا اظہار کیا۔اس کے علاوہ پولیس کی تفتیش سے لے کر اس معاملے میں آر جی کار میڈیکل کالج کے پرنسپل سندیپ گھوش کے رول تک ہر چیز پر سوالات اٹھائے گئے۔عدالت نے کیس میں ۸ رکنی ٹاسک فورس بنانے کا فیصلہ کیا۔ایمس کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ایم سری نواسن کے علاوہ کئی اور ڈاکٹروں کے نام اس میں شامل تھے۔چیف جسٹس آف انڈیا،ڈی وائی چندرچوڑ نے کہا کہ یہ صرف کولکاتا میں قتل کا معاملہ نہیں ہے (کولکاتا ریپ اینڈ مرڈر کیس)، یہ مسئلہ پورے ملک میں ڈاکٹروں کی حفاظت کا ہے۔عدالت نے اس معاملے کا ازخود نوٹس لیا ہے۔ہمیں ڈاکٹروں بالخصوص خواتین ڈاکٹروں اور نوجوان ڈاکٹروں کے تحفظ کے بارے میں تشویش ہے۔ہم نے دیکھا کہ وہاں کوئی ڈیوٹی روم نہیں ہے۔ہمیں ان کے کام کی جگہ پر محفوظ حالات کے لیے قومی اتفاق رائے اور پروٹوکول تیار کرنا چاہیے۔ہم جانتے ہیں کہ وہ تمام انٹرنز، ریزیڈنٹ ڈاکٹرز اور سب سے اہم خاتون ڈاکٹر ہیں۔زیادہ تر نوجوان ڈاکٹر روزانہ 36 گھنٹے کام کررہے ہیں۔ہمیں ان کے لئے کام کے دوران محفوظ حالات کو یقینی بنانے کے لیے ایک قومی پروٹوکول تیار کرنا ہوگا۔ایسا پروٹوکول صرف کاغذ پر نہیں بلکہ زمین پر ہونا چاہیے۔پولیس نے ہزاروں لوگوں کو اندر کیوں آنے دیا، کرائم سین کی حفاظت کیوں نہیں کی۔ پرنسپل کا تبادلہ دوسرے کالج میں کیوں کیا گیا؟ سی بی آئی جمعرات تک اس معاملے میں اسٹیٹس رپورٹ داخل کرے۔چونکہ تفتیش نازک مرحلے پر ہے اس لیے رپورٹ براہ راست عدالت کو دی جائے۔کولکاتا کے آر جی کر میڈیکل کالج میں جب بھیڑ داخل ہوئی تو پولس کیا کررہی تھی؟ یہ واقعہ بہت سنگین ہے۔اس لیے عدالت کی نگرانی میں ٹاسک فورس بنائی جائے گی۔ہم ایک نیشنل ٹاسک فورس بنانا چاہتے ہیں جس میں تمام ڈاکٹروں کو شامل کیا جائے۔ ڈاکٹر،ہم پر اعتماد کرتے ہیں۔انہیں یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ ملک کا ہیلتھ کیئر سسٹم ان کے کنٹرول میں ہے،اس لیے انہیں کام پر واپس آنا چاہیے۔

## چیف منسٹر ریونت نے تلنگانہ تلی مجسمہ نصب کرنے کیلئے سکریٹریٹ کے احاطے کا معائنہ کیا

حیدرآباد۔20اگست (سفیر نیوز) چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے منگل کو ریاستی سکریٹریٹ کے احاطے کا تلنگانہ تلی مجسمہ نصب کرنے کا معائنہ کیا۔چیف منسٹر نے پہلے ہی اعلان کیا تھا کہ تلنگانہ تلی کا مجسمہ 9 ڈسمبر کو سکریٹریٹ کے احاطے میں نصب کیا جائے گا۔ریونت ریڈی نے کئی مواقع پر یہ واضح کیا ہے کہ سکریٹریٹ جو ریاستی انتظامیہ کا مرکز ہے،فخر اور انتہائی احترام کے ساتھ تلنگانہ تلی مجسمہ کی تنصیب کے لیے موزوں جگہ ہے۔معائنہ کے دوران چیف منسٹر نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ مجسمہ کو نصب کرنے کے لئے مناسب جگہ، جگہ کی ضرورت اور ڈیزائن کے منصوبوں کا پتہ لگائیں۔انہوں نے تجویز پیش کی کہ مجوزہ مجسمہ تلنگانہ ثقافت کی عکاسی کرے اور عہدیداروں کو مجسمہ کی تنصیب کے لئے تفصیلی منصوبہ تیار کرنے کا حکم دیا۔حکومت کے مشیر ویم نریندر ریڈی، بھونگیر کے رکن اسمبلی چملا کرن کمار ریڈی بھی چیف منسٹر کے ہمراہ تھے۔



## آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے وفد کی تاملناڈو کے وزیر اعلی سے ملاقات



نئی دہلی۔20/اگست (ایجنسی) آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے ایک وفد نے جس کی قیادت بورڈ کے جنرل سکریٹری مولانا محمد فضل الرحیم مجدی نے کی، تامل ناڈو کے وزیر اعلی عزت مآب ایم کے اسٹالن سے آج ملاقات کی۔ وفد میں آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ اور دیگر ریاستی جماعتوں کے ذمہ دار شامل تھے،جن میں بطور خاص ممبر اسمبلی پروفیسر ایم ایچ جواہر اللہ، صدر منی تھانیا مکل کچی، مولانا پی کے خواجہ محی الدین باقوی، صدر تامل ناڈو جماعت علما سبھا، پروفیسر پی نصراللہ باشا، جناب ایچ عبدالرقیب، جماعت اسلامی ہند اور محترمہ فاطمہ مظفر) ایم سی ( شامل تھے۔وفد نے سب سے پہلے وزیر اعلی کا شکریہ ادا کیا کہ ان کی پارٹی نے بطور خاص پارلیمنٹ میں مجوزہ وقف ترمیمی بل کی پرزور مخالفت کی۔ الحمداللہ اپوزیشن کی بھرپور مخالفت سے بل جوائنٹ پارلیمانی کمیٹی کو بھیج دیا گیا۔وفد نے وزیر اعلی سے اپیل کی کہ جوائنٹ پارلیمانی کمیٹی میں ڈی ایم کے ممبر کو اس بل کی بھرپور مخالفت کرنی چاہیے تاکہ برسر اقتدار پارٹی اپنے تخریبی مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے۔وفد نے یوم آزادی پر وزیر اعظم کے ذریعہ یو سی سی کا جو نیا شوشہ چھوڑا گیا ،اس کی فتنہ انگیزیوں سے بھی وزیر اعلی کو واقف کرایا۔ وفد نے 7 فروری 2024 کو اتراکھنڈ اسمبلی کے ذریعہ منظور شدہ یونیفارم سول کوڈ جس کی صدر جمہوریہ نے توثیق کر دی ہے، پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔وفد نے اپنے اس اندیشے کا بھی اظہار کیا کہ یو سی سی کے قانون کو ملک کا اعلی طبقہ بطور ہتھیار استعمال کر کے کمزور طبقات کو ان کے دستوری حقوق سے محروم کرنا چاہتا ہے۔ مرکزی حکومت جو بار بار اس مسئلہ کو چھیڑتی ہے یا اتراکھنڈ کی ریاستی حکومت جس نے باضابطہ قانون بنا کر اسے اپنی ریاست میں نافذ کر دیا ہے، لیکن ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ پوری کاروائی من مانے طریقے سے انجام دے کر ایک خاص طبقہ پر ہی تھوپی جا رہی ہے حالانکہ اس کے لئے ہرگز بھی تیار نہیں ہے۔وزیر اعلی نے بہت صبر، متانت اور سنجیدگی کے ساتھ وفد کی تمام باتوں کو بغور سنا اور کہا کہ انہوں نے 2023 میں ہی وزیر اعظم اور لا کمیشن کے چیئرمین کو خط لکھ کر یونیفارم سول کوڈ کی پرزور مخالفت کی تھی۔انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ وہ ہمیشہ مسلمانوں کے ساتھ رہے ہیں اور آئندہ بھی رہیں گے۔

## مودی تاناشاہ بن کر اقتدار پر قبضہ مضبوط کرنیکی کوششوں میں مصروف



ممبئی۔20/اگست (ایجنسی) کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے آج ممبئی میں راجیو گاندھی کی مقبولیت اور بصیرت کے حوالے سے موجودہ وزیر اعظم نریندر مودی پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ راجیو گاندھی کی قیادت میں کانگریس نے 415 سیٹیں حاصل کیں، مگر ان میں کوئی تکبر یا غرور نہیں تھا۔ اس کے برخلاف وزیر اعظم مودی نے 400 سیٹوں کا نعرہ دیا، لیکن مہاراشٹر کی عوام نے اس نعرے کو مسترد کر دیا۔اب مرکز میں مودی کی حکومت اقلیت میں ہے اور انہیں جے ڈی یو و تیلگو دیشم پارٹی کا سہارا لے کر حکومت بنانی پڑی ہے۔ملکارجن کھڑگے نے یہ باتیں سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی سالگرہ کے موقع پر منعقدہ سدبھاونا سنکلپ دیوس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔اس تقریب میں این سی پی کے صدر شرد پوار اور شیوسینا )یو بی ٹی ( کے صدر ادھو ٹھاکرے خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ ملکارجن کھڑگے نے اس موقع پر واضح لفظوں میں کہا کہ مہاراشٹر کے لوگ مہاراشٹر کو چلائیں گے، دہلی میں بیٹھے مودی کے لوگ نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین بچانے کی جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی ہے، آپ کو ریاستوں میں بھی کانگریس کو مضبوط کرنا ہوگا تاکہ راجیہ سبھا میں بھی ہمارے ارکان منتخب ہوں۔ آئین و جمہوریت کو بچانے کے لیے اپوزیشن کو دونوں ایوانوں میں طاقت درکار ہے۔

## آج سے راہول گاندھی جموں وکشمیر کے دورے پر

جموں (جموں وکشمیر)،20اگست (اے یوایس) جموں وکشمیر کانگریس یونٹ میں جموں وکشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے سابق صدر وقار رسول وانی کی برطرفی پر پیدا ہونے والے تنازع کے درمیان، کانگریس کے سینئر رہنما اور رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی بدھ کو جموں و کشمیر کا دورہ کر رہے ہیں۔ دو روزہ دورے کے دوران وہ یونین ٹیریٹری میں آنے والے اسمبلی انتخابات کے لیے پارٹی کی انتخابی مہم کا آغاز کریں گے۔جموں وکشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے ترجمان اعلیٰ رویندر شرما نے ای ٹی وی بھارت کو بتایا کہ راہل گاندھی پارٹی رہنماو؟ں کے ساتھ انتخابات کے روڈ میپ کے بارے میں ملاقات کریں گے۔شرما نے کانگریس کے اندرونی تنازعہ کی خبروں کی تردید کی۔ذرائع کے مطابق راہل گاندھی اپنے دوروزہ دورے کے دوران جموں وکشمیر کے دونوں دارالحکومتوں کا دورہ کریں گے، جہاں وہ نیشنل کانفرنس کی قیادت کے ساتھ ملاقات کر کے جموں وکشمیر میں آنے والے انتخابات کے لیے پری پول الائنس کی تفصیلات کو حتمی شکل دیں گے۔دریں اثناء، جموں وکشمیر پردیش کانگریس کمیٹی (جے کے پی سی سی) کے سابق صدر وقار رسول وانی، جن کی جگہ طارق حمید قرہ کو جموں کشمیر یونٹ کا صدر مقرر کیا گیا، نے الزام عائد کیا ہے کہ انہیں جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ بننے سے روکنے کے لیے ایک سازش کی گئی تھی۔ وقار رسول وانی کا یہ تبصرہ انہیں جموں کشمیر کانگریس کے صدر کے عہدے سے ہٹا کر ان کی جگہ طارق حمید قرہ کو مقرر کیے جانے کے بعد سامنے آیا ہے۔ یہ پیشرفت جموں وکشمیر میں 18 ستمبر سے شروع ہونے والے طویل عرصے سے التواء میں پڑے اسمبلی انتخابات سے چند ہفتے قبل سامنے آئی ہے۔صوبہ جموں کے ضلع رام بن میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وقار رسول وانی نے پارٹی کے بعض دھڑوں پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے وزیر اعلیٰ کے دفتر تک ان کی رسائی روکنے کے لیے ایک منصوبہ تیار کیا۔ وقار رسول نے جلسے کے دوران دعویٰ کیا: ’’میں آپ کو صاف بتانا چاہتا ہوں کہ کئی قوتیں پس پردہ کام کر رہی ہیں تاکہ وقار رسول جموں وکشمیر کا وزیر اعلیٰ نہ بن سکے،‘‘ یہ تبصرے اس وقت سامنے آئے جب انہوں نے سرینگر میں پارٹی کے ایک پروگرام میں شرکت نہ کرنے کے بجائے رام بن میں جلسے سے خطاب کرنے کو ترجیح دی۔ سرینگر میں گزشتہ روز نئے صدر، طارق حمید قرہ، کے اعزاز میں ایک جلسہ منعقد کیا گیا۔

## آج بھارت بند کا اعلان!

نئی دہلی،20اگست (اے یوایس) ریزرویشن بچاؤ سنگھرش سمیتی نے بدھ (21اگست) کو بھارت بند کا اعلان کیا ہے۔ یہ ملک گیر احتجاج درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل (ایس سی/ایس ٹی) کے لیے ریزرویشن پر سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کے خلاف احتجاج میں بلایا گیا ہے۔ریزرویشن بچاؤ سنگھرش سمیتی کے علاوہ کئی دیگر تنظیموں نے بھی اس بند کی حمایت کی ہے۔ اس کے علاوہ بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) نے بھی اس بند کو اپنی حمایت دی ہے۔راجستھان کے ایس سی/ایس ٹی گروپوں نے بھی اس بند کو اپنی حمایت دی ہے۔کئی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت بند کے پیش نظر پولس نے بھی بڑی تیاریاں کی ہیں اور تمام اضلاع میں امن و امان برقرار رکھنے کی ہدایات دی گئی ہیں تاکہ کسی قسم کی گڑبڑ نہ ہو۔احتجاج کے دوران کسی قسم کی کشیدگی نہ ہونے کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی تعیناتی بڑھانے کے احکامات دیے گئے ہیں۔اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کہ بھارت بند کے دوران تشدد نہ ہو، سینئر پولیس افسران نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تیاریوں کا جائزہ لیا۔

## پارٹی جس کی تعصب کی ایک لمبی تاریخ!

نئی دہلی،20اگست (ایجنسی) یو پی ایس سی میں 'لیٹرل انٹری' پر سیاسی ہنگامہ آرائی کے درمیان مرکزی حکومت نے اشتہارات پر پابندی لگا دی۔مرکزی عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر جتیندر سنگھ نے اس سلسلے میں یو پی ایس سی چیئرمین کو خط لکھا ہے۔خط میں کہا گیا ہے کہ لیٹرل انٹری کی بنیاد پر کی جانے والی بھرتیوں میں ریزرویشن کا کوئی بندوبست نہیں ہے، اس کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے واپس لیا جائے۔اپوزیشن اس معاملے پر حکومت کی مخالفت کر رہی تھی اور اسے ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی کے خلاف اور آئین مخالف قرار دے رہی تھی۔ایسے میں اب جب حکومت نے یہ واضح کر دیا ہے کہ لیٹرل انٹری پر پابندی کیوں لگائی گئی ہے، تو کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہول گاندھی، ملکارجن کھڑگے، اکھلیش یادو سمیت کئی اپوزیشن لیڈر حکومت پر اس بات کو لے کر حملہ آور ہو رہے ہیں کہ انہوں نے ایک ساتھ مل کر کام کیا ہے۔حکومت پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوئی اور اپنی پیٹھ تھپتھپا رہی ہے۔ممبئی اسٹیٹ بی جے پی کے نائب صدر ہتیش جین نے لیٹرل انٹری کے فیصلے پر اپوزیشن پر جوابی حملہ کیا ہے۔انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر یکے بعد دیگرے کئی پوسٹس کیں۔کانگریس پارٹی کو نشانہ بناتے ہوئے، ہتیش جین نے جھوٹ پھیلانے تک میں لکھا۔اب وقت آ گیا ہے کہ ان کی منافقت اور ان کے سفید جھوٹ کو بے نقاب کیا جائے۔اب وقت آ گیا ہے کہ دوغلی باتوں کو روکا جائے اور اس بات پر توجہ مرکوز کی جائے کہ کیا اہم ہے: ایک ایسی نوکر شاہی کی تعمیر جو منصفانہ، جامع اور صحیح معنوں میں ہندوستان کے تنوع کی نمائندگی کرتی ہو۔ ایک اور پوسٹ میں، انہوں نے لکھا، "یہ خط سول سروسز میں لیٹرل انٹری کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے درست سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ایسا کوئی بھی عمل مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں سے ہم آہنگ ہو اور پسماندہ برادریوں کی مناسب نمائندگی کو یقینی بنائے۔

## بی جے پی نے راجیہ سبھا ضمنی انتخاب کیلئے 9امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا

نئی دہلی، 20 اگست (ایجنسی (بی جے پی نے مختلف ریاستوں میں ہونے والے راجیہ سبھا ضمنی انتخابات کے لیے اپنے 9 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری اور ہیڈ کوارٹر انچارج ارون سنگھ نے پارٹی کے راجیہ سبھا امیدواروں کی فہرست جاری کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی کی مرکزی الیکشن کمیٹی نے ان ناموں کو اپنی منظوری دے دی ہے۔ پارٹی نے مرکزی وزیر سردار رونیت سنگھ بٹو کو راجستھان سے راجیہ سبھا ضمنی انتخاب کے لیے اپنا امیدوار بنایا ہے۔ساتھ ہی ہریانہ سے کرن چودھری، بہار سے منن کمار مشرا، مدھیہ پردیش سے جارج کورین، مہاراشٹر سے دھیری شیل پاٹل، اڈیشہ سے ممتا موہنتا، تریپورہ سے راجیو بھٹاچارجی اور آسام سے مشن رنجن داس اور رامیشور تیلی کو امیدوار بنایا گیا ہے۔مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے راجیہ سبھا کے امیدواروں کے ناموں پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے منگل کو مختلف ریاستوں کے رہنماؤں کے ساتھ الگ الگ میراتھن میٹنگ کی۔ اس میٹنگ کے بعد پارٹی کی سنٹرل الیکشن کمیٹی سے منظوری لینے کے بعد پارٹی نے امیدواروں کی یہ فہرست جاری کی۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 21 اگست ہے۔

## ایران اس بار اسرائیل کو سخت جواب دے گا، جنرل فدوی

تہران ۔20/اگست (ایجنسی) ایران کی سپاہ پاسداران انقلاب کے ڈپٹی کمانڈر بریگیڈیئر جنرل علی فدوی نے کہا کہ جعلی اور بچوں کو قتل کرنے والی صیہونی رجیم نے اپنی حماقت جاری رکھتے ہوئے اسلامی جمہوریہ ایران کی سرزمین پر اسماعیل ہنیہ کو شہید کیا جس کا ہم مناسب وقت اور جگہ پر سخت جواب دیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم سزا کا وقت اور طریقہ طے کریں گے اور شہید ہنیہ کے خون کا بدلہ ضرور لیا جائے گا۔


